صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 10 مارچ 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 10 مارچ 2016ء .... 1437 ہجری 10 امان 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 58

غیر متزلزل استقلال

ریورنڈ باسورتھ سمتھ رسول اللہ ﷺ کے بارہ میں لکھتے ہیں:

مجموعی طور پر مجھے یہ حیرانی نہیں کہ حضرت محمد (ﷺ) مختلف حالات میں کتنے بدل گئے تھے بلکہ تعجب تو یہ ہے کہ آپؐ کی شخصیت میں کتنی کم تبدیلی پیدا ہوئی تھی۔ صحرائی گلہ بانی کے ایام میں، شامی تاجر کے طور پر، غارحرا کی خلوت گزینی کے ایام میں، اقلیتی جماعت کے مصلح کی حیثیت سے، مدینہ میں جلاوطنی کے ایام میں، ایک مسلمہ فاتح کی حیثیت سے، ایرانی بادشاہوں اور یونانی ہرقلوں کے ہم مرتبہ ہونے کی حالت میں ہم آپؐ کی شخصیت میں ایک غیر متزلزل استقلال کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ مجھے نہیں لگتا کہ اگر کسی اور آدمی کے خارجی حالات اس قدر زیادہ بدل جاتے تو کبھی اس کی ذات میں اس قدر کم تبدیلی رونما ہوتی۔ حضرت محمد (ﷺ) کے خارجی حالات تو تبدیل ہوتے رہے مگر ان تمام حالتوں میں مجھے ان کی ذات کا جوہر ایک جیسا ہی دکھائی دیتا ہے۔

(Mohammed and Mohammedanism, by R. Bosworth Smith, Smith Elder & co.1876 p. 133)

اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’یاد رہے کہ پانچ موقعے آنحضرت ﷺ کے لئے نہایت نازک پیش آئے تھے جن میں جان کا بچنا محالات سے معلوم ہوتا تھا اگر آنجناب درحقیقت خدا کے سچے رسول نہ ہوتے تو ضرور ہلاک کئے جاتے۔ ایک تو وہ موقعہ تھا جب کفار قریش نے آنحضرت ﷺ کے گھر کا محاصرہ کیا اور قسمیں کھالی تھیں کہ آج ہم ضرور قتل کریں گے۔ (2) دوسرا وہ موقعہ تھا جب کہ کافر لوگ اس غار پر مع ایک گروہ کثیر کے پہنچ گئے تھے جس میں آنحضرت ﷺ مع حضرت ابوبکر کے چھپے ہوئے تھے (3) تیسرا وہ نازک موقعہ تھا جب کہ اُحد کی لڑائی میں آنحضرت ﷺ اکیلے رہ گئے تھے اور کافروں نے آپ کے گرد محاصرہ کر لیا تھا اور آپ پر بہت سے تلواریں چلائیں مگر کوئی کارگر نہ ہوئی یہ ایک معجزہ تھا (4) چوتھا وہ موقعہ تھا جب کہ ایک یہودیہ نے آنجناب کو گوشت میں زہر دیدی تھی اور وہ زہر بہت تیز اور مہلک تھی اور بہت وزن اس کا دیا گیا تھا (5) پانچواں وہ نہایت خطرناک موقعہ تھا جب کہ خسرو پرویز شاہ فارس نے آنحضرت ﷺ کے قتل کے لئے مصمم ارادہ کیا تھا اور گرفتار کرنے کے لئے اپنے سپاہی روانہ کئے تھے۔ پس صاف ظاہر ہے کہ آنحضرت ﷺ کا ان تمام پُرخطر موقعوں سے نجات پانا اور ان تمام دشمنوں پر آخر کار غالب ہو جانا ایک بڑی زبردست دلیل اس بات پر ہے کہ درحقیقت آپ صادق تھے اور خدا آپ کے ساتھ تھا‘‘۔

’’اصل بات یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُنس اور ذوق پیدا ہو جاتا ہے تو پھر دُنیا اور اہلِ دنیا سے ایک نفرت اور کراہت پیدا ہو جاتی ہے۔ بالطبع تنہائی اور خلوت پسند آتی ہے۔ آنحضرت ﷺ کی بھی یہی حالت تھی۔ اللہ تعالیٰ کی محبت میں آپ اس قدر فنا ہو چکے تھے کہ آپ اس تنہائی میں ہی پوری لذّت اور ذوق پاتے تھے۔ ایسی جگہ میں جہاں کوئی آرام کا اور راحت کا سامان نہ تھا اور جہاں جاتے ہوئے بھی ڈر لگتا ہو آپ وہاں کئی کئی راتیں تنہا گزارتے تھے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ کیسے بہادر اور شجاع تھے۔ جب اللہ تعالیٰ سے تعلق شدید ہو تو پھر شجاعت بھی آجاتی ہے اس لئے مومن کبھی بزدل نہیں ہوتا۔ اہل دنیا بزدل ہوتے ہیں اُن میں حقیقی شجاعت نہیں ہوتی‘‘۔ (ڈائری حضرت مسیح موعود 3۔ اگست 1905ء)

عشرہ تعلیم

خدا کے فضل سے نظارت تعلیم فروغ تعلیم کے سلسلہ میں دن رات کوشاں ہے۔

دوسرا تعلیمی عشرہ یکم تا 10۔ اپریل 2016ء کو منایا جارہا ہے۔ اس عشرے میں تمام سیکرٹری تعلیم جماعت کوشش کریں کہ درج ذیل امور کی طرف توجہ رہے۔

☆ تمام طلبہ/ طالبات کے کوائف اکٹھے کئے جائیں با قاعدہ رجسٹر تیار کیا جائے۔

☆ ڈراپ آوٹ طلباء/ طالبات سے خصوصی طور پر ملا جائے ایسے طلبہ جنہوں نے گزشتہ 3 سالوں میں بارہویں کلاس سے پہلے تعلیم ترک کی ہوئی ہے انہیں دوبارہ تعلیم جاری کرنے کے لئے کہا جائے۔ حضور انور نے فرمایا: ’’ہر احمدی بچہ کم ازکم ایف اے ضرور پاس کرے۔‘‘

☆ سیمینارز، کوچنگ کلاسز اور کونسلنگ کی جائے۔

☆ سکول میں اول، دوئم، سوئم آنے والوں کو انعامات دینے کی تقریبات کی جائیں۔

☆ لائبریریوں کا قیام عمل میں لایا جائے جن میں درسی کتب رکھی جائیں۔

☆ حضور انور کی خدمت میں دعائیہ خطوط خصوصی طور پر لکھوائے جائیں۔

☆ میٹرک انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ اکٹھے کئے جائیں۔

☆ امداد طلباء کیلئے خصوصی توجہ دی جائے وعدہ جات اور ان کی ادائیگی کی بھر پور کوشش کی جائے۔

☆ اپنی کارکردگی کی رپورٹ عشرہ منانے کے بعد سیکرٹریان تعلیم اضلاع کی وساطت سے مرکز بھجوائی جائے۔

☆ سیکرٹریان تعلیم اضلاع اپنی ماہانہ رپورٹ کے ساتھ عشرہ کی رپورٹ بھجوائیں۔

☆ پہلے عشرہ میں جو کمی رہ گئی تھی اب اسے پورا کرلیا جائے۔ (نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

تاریخ احمدیت کا ایک ورق

15

مکرم عبدالقدیر قمر صاحب

سنگاپور میں احمدیہ مشن کا آغاز-1935ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے 1935ء میں سنگاپور ملایا اور پنیانگ کی ریاستوں میں اشاعت احمدیت کے لئے محترم مولانا غلام حسین ایاز صاحب کو ارشاد فرمایا۔ آپ 6 مئی 1935ء کو قادیان سے سنگاپور کے لئے روانہ ہوئے اور وہاں پہنچتے ہی دیوانہ وار نشر واشاعت کے کام میں مصروف ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی کوششوں کو ثمر بار کیا اور حاجی جعفر صاحب بن حاجی وانتارا صاحب کو قبول احمدیت کی توفیق عطا ہوئی۔

1936ء میں آپ نے ملایا کے مختلف شہروں کا دورہ کیا اور انگریزی اور ملائی زبان میں ٹریکٹ تقسیم کئے۔ ان کوششوں کے نتیجہ میں نیک روحیں کشاں کشاں احمدیت کی طرف آنے لگیں۔ جس پر وہاں مخالفت کا ایک طوفان کھڑا ہوگیا۔ اور آپ کو زدوکوب کرنے کے علاوہ قتل تک کرنے کی کوشش کی گئی۔ بلکہ ایک دفعہ تو خانہ خدا سے جو بازار سے کافی اونچی جگہ پر واقع تھا آپ کو گرادیا گیا۔ آپ شدید زخمی ہوئے۔ بے ہوش پڑے رہے۔ آخر پولیس نے آپ کو ہسپتال پہنچایا۔ جہاں کئی گھنٹے بعد آپ کو ہوش آیا۔ ایک دفعہ آپ کو چلتی بس سے نیچے گرادیا گیا۔ جس سے آپ کے منہ اور سر پر شدید چوٹیں آئیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کا یہ مرد درویش میدان میں ڈٹا رہا۔ اور پیغام حق پہنچاتا رہا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے صبر کو دیکھا اور آپ کی دعاؤں کو سنا ستمبر 1937ء میں کلانگ میں پانچ اشخاص مشرف بہ احمدیت ہوئے۔ اور جنوری 1940ء تک یہاں پندرہ احمدیوں پر مشتمل ایک جماعت پیدا ہوگئی۔

1939ء میں جب جنگ عظیم چھڑی تو بھی یہ مرد خدا برستے گولوں میں خدا کا پیغام پہنچاتا۔ بلکہ لڑائی کے دوران جب گولوں سے دوسروں کے گھر تباہ ہورہے تھے حضرت مولوی صاحب نے اعلان کر رکھا تھا کہ بمباری کے وقت میرے گھر میں آجایا کریں۔ لوگوں نے خدا تعالیٰ کا یہ عظیم الشان نشان دیکھا کہ حضرت مولوی صاحب کا گھر محفوظ رہا۔ جبکہ اردگرد کے مکانات کو کافی نقصان پہنچا۔ گویا اللہ تعالیٰ نے یہاں بھی حضرت مسیح موعود کی یہ پیشگوئی پوری فرمائی کہ

”آگ ہماری غلام بلکہ غلاموں کی بھی غلام ہے۔“

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا اظہار خوشنودی

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے محترم مولانا صاحب کی عظیم الشان قربانی اور اس کا شاندار نتیجہ دیکھ کر فرمایا:۔

”ایسے علاقوں میں بھی احمدیت پھیلنی شروع ہو گئی ہے جہاں پہلے باوجود کوشش کے ہمیں کامیابی نہیں ہوئی تھی۔ ملایا میں تو یہ حالت تھی کہ مولوی غلام حسین صاحب ایاز کو ایک دفعہ لوگوں نے رات کو مار مار کر گلی میں پھینک دیا اور کتے ان کو چاٹتے رہے اور یا اب جو لوگ ملایا سے واپس آئے ہیں انہوں نے بتایا کہ اچھے اچھے مالدار ہوٹلوں کے مالک اور معزز طبقہ کے ستر اسی کے قریب دوست احمدی ہو چکے ہیں اور یہ سلسلہ روز بروز ترقی کر رہا ہے۔“

(الفضل 22 جنوری 1960ء صفحہ 13)

مولانا غلام حسین صاحب ایاز 15 سال بعد 24 نومبر 1950ء کو واپس ربوہ تشریف لائے۔ اس کے بعد 8/ اکتوبر 1956ء کو دوبارہ سنگاپور اعلائے کلمۃ الحق کے لئے بھجوائے گئے۔ کچھ عرصہ بعد آپ کو بورنیو میں متعین کر دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی کوششوں کو نوازتے ہوئے سینکڑوں ملائی احمدیت کی آغوش میں ڈال دیئے۔

(روزنامہ الفضل 19 دسمبر 1945ء)

محترم مولانا ایاز صاحب کا مختصر تعارف

محترم مولانا غلام حسین صاحب ایاز۔ مولانا غلام احمد فرخ صاحب کے بھائی تھے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم قادیان میں حاصل کی۔ آپ سلسلہ احمدیہ کے انتہائی فدائی اور جاں نثار تھے۔ آپ تحریک جدید کے اولین واقفین زندگی میں سے تھے۔ آپ پہلی بار 1935ء کو سنگاپور تشریف لے گئے اور مسلسل 16 سال تک اپنے وطن اہل وعیال اور عزیز واقارب سے جدا رہ کر شدید مخالفت کے باوجود نہایت ہمت اور پامردی سے اشاعت احمدیت کی۔ چونکہ آپ شادی کے معاً بعد ہی میدان عمل میں آگئے تھے اور 16 برس وہاں رہے اس عرصہ میں آپ کی بیٹی کی پیدائش ہوئی۔ وہ بسا اوقات اپنی والدہ سے پوچھتی! اماں میں دیکھتی ہوں کہ دوسرے بچوں کے ابا بھی ہوتے ہیں جو گھر آتے وقت پھل یا میٹھی گولیاں لاتے ہیں مگر اپنے ابا میں نے نہیں دیکھے وہ کہاں ہیں۔ آپ ان خوش نصیبوں میں سے ہیں جنہوں نے اعلائے کلمۂ حق ادا کرتے ہوئے اپنی جان جان آفریں کے سپرد کی۔ آپ 17/ اکتوبر 1959ء کو اس جہان فانی سے کوچ فرما گئے۔ اور امانتاً سنگاپور میں آپ کی تدفین ہوئی۔

(روزنامہ الفضل 20، 30/ اکتوبر، یکم نومبر 1959ء)

(ماہنامہ الفرقان نومبر 1959ء)

امام کے لئے دعا

دعا کرو کہ سروں پر رہے وہ ابرِ کرم
دلوں میں نور کی جو کھیتیاں اُگاتا ہے

دعا کرو کہ نہ گہنائے تا ابد وہ چاند
جو ظلمتوں میں دیئے پیار کے جلاتا ہے

دعا کرو وہ شجر عمر بھر رہے قائم
وہ جس کے سائے میں ہر شخص چین پاتا ہے

دعا کرو کہ نہ آنچ آئے اس کے سر پہ کبھی
جو سب کو پیار سے اپنے گلے لگاتا ہے

دعا کرو وہ خزانہ کبھی نہ ہو خالی
جو غم نصیب غریبوں کے کام آتا ہے

دعا کرو کہ وہ پرچم سدا بلند رہے
خدا کے دیں کی طرف جو ہمیں بلاتا ہے

ثاقب زیروی

سنگاپور اور اس کا ماحول

مکرم قدیر احمد طاہر صاحب

ایم ٹی اے ایک روحانی مائدہ۔اہمیت وبرکات

قرآن کریم اور احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت مسیح موعود اور امام مہدی کا مقصد لوگوں کی اصلاح اور دین حق کو تمام ادیان پر غالب کرنا ہے۔ اس عظیم الشان مقصد کے حصول کے لئے یہ بھی ضروری تھا کہ اس زمانہ میں رسل ورسائل اور پیغام رسانی کے ایسے وسائل میسر ہوں۔ جن کے ذریعہ تیزی کے ساتھ ساری دنیا میں بیک وقت پیغام رسانی کا فریضہ سرانجام دیا جاسکے۔ چنانچہ قرآن کریم، احادیث اور کتب سابقہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ آخری زمانہ میں آنے والے امام مہدی کے زمانہ میں پیغام رسانی کے جدید ذرائع میسر ہوں گے اور امام مہدی کا پیغام پہنچانے کے لئے ان ذرائع سے استفادہ کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

یعنی اگر ہم چاہیں تو آسمان سے ان پر ایک ایسا نشان اتار دیں کہ ان کی گردنیں جھکی کی جھکی رہ جائیں۔ (الشعراء:5)

اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔’’ایک منادی آسمان سے آواز دے گا جسے ایک نوجوان لڑکی پردے میں رہتے ہوئے بھی سنے گی اور اہل مشرق ومغرب بھی سنیں گے‘‘۔

(بحارالانوار جلد 5 ص 285 از حضرت ملا باقر مجلسی دارالاحیا التراث العربی بیروت)

انجیل میں حضرت مسیح ناصری نے اپنی بعثت ثانیہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا’’ بادشاہی کی اس خوشخبری کی منادی تمام دنیا میں سنائی جائے گی تاکہ سب قوموں کیلئے گواہی ہو تب انجام ہوگا‘‘۔

(متی باب 24 آیت 14)

مزید فرمایا’’ ابن آدم کا نشان آسمان پر دکھائی دے گا اور اس وقت زمین کی سب قومیں چھاتی پیٹیں گی اور ابن آدم کو بڑی قدرت اور جلال کے ساتھ آسمان سے آتے دیکھیں گی اور وہ نرسنگے کی بڑی آواز کے ساتھ اپنے فرشتوں کو بھیجے گا اور وہ اس کے برگزیدوں کو چاروں طرف سے آسمان سے اس کنارے تک جمع کریں گے‘‘۔

(متی باب 24 آیت 31-30)

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ’’امام مہدی کے ظہور کے وقت ایک منادی آسمان سے آواز بلند کرے گا کہ اے لوگو! جابروں کا دور تم سے ختم کردیا گیا ہے اور اب بہترین فرد تمہارا نگران ہے‘‘۔

(بحارالانوار جلد 52 ص 304 از حضرت ملا باقر مجلسی بیروت)

آنحضرت ﷺ نے حضرت علیؓ کو مخاطب کرتے ہوئے امام مہدی کے متعلق فرمایا:

’’پھر ایک ایسی ندا آئے گی جو دور سے اسی طرح انسان سنے گا جیسے وہ نزدیک کی آواز سنتا ہے‘‘۔

(امام مہدی الزمان از علی محمد علی دخیل ترجمہ سید صفدر حسین نجفی ص 86 مصباح الھدی لاہور)

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ’’ جب امام مہدی آئے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اہل مشرق ومغرب کو جمع کردے گا۔

(ینابیع المودۃ جز 3 ص 90 از شیخ سلمان بن ابراہیم طبع دوم مکتبہ عرفان بیروت)

پھر آپ فرماتے ہیں’’ آسمان سے ایک منادی آواز دے گا کہ حق آل محمدؐ کے پاس ہے‘‘۔

(الحادی للفتاوی جلد 2 ص 140 از جلال الدین سیوطی تحقیق محمد محی الدین)

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

’’منادی آسمان سے مہدی کے نام کی ندا کرے گا جو مشرق ومغرب میں سنی جائے گی۔ اس پر خدا کی رحمت ہو جو اس کی آواز کو سن کر لبیک کہے‘‘۔

(امام مہدی الزمان علیہ السلام از علی محمد علی دخیل تہ ترجمہ سید صفدر حسین نجفی صفحہ 92 مصباح الھدی لاہور)

حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

’’آسمان سے ایک منادی امام مہدی کے نام سے منادی کرے گا جسے مشرق اور مغرب کے سب لوگ سنیں گے ہر سونے والا سن کر جاگ اٹھے گا اور کھڑا ہونے والا بیٹھ جائے گا اور بیٹھنے والا اس آواز کے جلال سے کھڑا ہو جائے گا اللہ تعالیٰ رحم کرے اس پر جو اس آواز کو سنے اور اس پر لبیک کہے‘‘۔

(بحارالانوار جز 52 صفحہ 230)

حضرت امام صادق فرماتے ہیں:

’’ہمارے قائم (امام مہدی) جب مبعوث ہوں گے تو اللہ تعالیٰ ہمارے گروہ کی شنوائی اور بینائی کو بڑھادے گا۔ یہاں تک کہ یوں محسوس ہوگا کہ امام قائم (امام مہدی) اور ان کے درمیان کا فاصلہ ایک برید (سٹیشن) کے برابر رہ گیا ہے وہ امام ان سے باتیں کرے گا وہ اس کی باتوں کو سنیں گے اور اسے دیکھیں گے جبکہ امام مہدی اپنی جگہ پر ہی ٹھہرا رہے گا‘‘۔

(بحارالانوار جز 52 صفحہ 336 از شیخ محمد باقر مجلسی داراحیا التراث العربی بیروت)

حضرت امام جعفر صادق مزید فرماتے ہیں:

’’ایک منادی امام قائم (امام مہدی) کے نام سے منادی کرے گا راوی نے پوچھا یہ منادی خاص ہوگی یا عام؟ فرمایا عام ہوگی اور ہر قوم اپنی اپنی زبان میں اسے سنے گی‘‘۔

(بحارالانوار جز 52 صفحہ 205)

پھر فرماتے ہیں:’’ مومن جو امام قائم (امام مہدی) کے زمانہ میں مشرق میں ہوگا اپنے اس بھائی کو دیکھ لے گا جو مغرب میں ہوگا اور اسی طرح جو مغرب میں ہوگا وہ اپنے اس بھائی کو دیکھ لے گا جو مشرق میں ہوگا‘‘۔

(بحارالانوار جز 52 صفحہ 391)

حضرت شاہ رفیع الدین صاحب فرماتے ہیں:

’’اس (امام مہدی) کی بیعت کے وقت آسمان سے یہ آواز آئے گی کہ یہ اللہ کا خلیفہ مہدی ہے اس کی آواز سنو اس کی اطاعت کرو اور یہ آواز اس وقت کے تمام خاص وعام سنیں گے‘‘۔

(قیامت نامہ صفحہ 4 از شاہ رفیع الدین دہلی)

حضرت مسیح موعود نے اپنی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:’’میری بڑی آرزو ہے کہ ایسا مکان ہو کہ چاروں طرف ہمارے احباب کے گھر ہوں اور درمیان میں میرا گھر ہو اور ہر ایک گھر میں میری ایک کھڑکی ہو اور ہر ایک سے ہر ایک وقت واسطہ ورابطہ رہے‘‘۔

حضرت مسیح موعود کی یہ خواہش ایم ٹی اے کے ذریعہ بھی پوری ہوگئی۔

عالیشان انقلاب

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے:

’’اب وہ دن دور نہیں کہ ایک شخص اپنی جگہ پر بیٹھا ہوا ساری دنیا میں درس وتدریس پر قادر ہو سکے گا قادیان میں قرآن اور حدیث کا درس دیا جا رہا ہو اور جاوا کے لوگ اور امریکہ کے لوگ اور انگلستان کے لوگ اور فرانس کے لوگ اور جرمن کے لوگ اور آسٹریا کے لوگ اور ہنگری کے لوگ اور عرب کے لوگ اور مصر کے لوگ اور ایران کے لوگ اور اسی طرح اور تمام ممالک اپنی اپنی جگہ وائرلیس کے سیٹ لئے ہوئے وہ درس سن رہے ہوں۔ یہ نظارہ کیا ہی شاندار نظارہ ہوگا اور کتنے ہی عالیشان انقلاب کی یہ تمہید ہوگی کہ جس کا تصور کر کے بھی آج ہمارے دل مسرت وانبساط سے لبریز ہوجاتے ہیں‘‘۔

(خطبہ جمعہ 7 جنوری 1938ء از الفضل 13 جنوری 1938ء)

امام کی طرف دیکھتے رہو!

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

’’جو جماعتیں منظم ہوتی ہیں ان پر کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جب وہ ایک امام کے ہاتھ پر بیعت کر چکے اور اس کی اطاعت کا اقرار کر چکے تو پھر انہیں امام کے منہ کی طرف دیکھتے رہنا چاہیے کہ وہ کیا کہتا ہے اور اس کے قدم اٹھانے کے بعد اپنا قدم اٹھانا چاہیے‘‘۔

(الفرقان مئی، جون 1937ء صفحہ 38,37)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:

’’خلافت کے معنی ہی یہ ہیں کہ جس وقت خلیفہ کے منہ سے کوئی لفظ نکلے اس وقت سب سکیموں، سب تجویزوں اور سب تدبیروں کو پھینک کر رکھ دیا جائے اور سمجھ لیا جائے کہ اب وہی سکیم، وہی تجویز اور وہی تدبیر مفید ہے جس کا خلیفہ وقت کی طرف سے حکم ملا ہے اگر خلافت کے کوئی معنے ہیں تو پھر خلیفہ ہی ایک ایسا وجود ہے کہ اس کے منہ سے جو لفظ نکلے وہی ساری جماعت کے خیالات اور افکار پر حاوی ہونا چاہئے، وہی اوڑھنا، وہی بچھونا ہونا چاہئے، وہی تمہارا ناک، کان، آنکھ اور زبان ہونا چاہئے‘‘۔ (خطبہ جمعہ 24 جنوری 1936ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے:

’’اب خدا کی نوبت جوش میں آئی ہے اور تم کو، ہاں تم کو، ہاں تم کو، خدا تعالیٰ نے پھر اس نوبت خانہ کی ضرب سپرد کی ہے۔ اے آسمانی بادشاہت کے موسیقارو! اے آسمانی بادشاہت کے موسیقارو! اے آسمانی بادشاہت کے موسیقارو! ایک دفعہ پھر اس نوبت کو اس زور سے بجاؤ کہ دنیا کے کان پھٹ جائیں۔ ایک دفعہ پھر اس نوبت کو اس زور سے بجاؤ کہ دنیا کے کان پھٹ جائیں۔ ایک دفعہ پھر اپنے دل کے خون اس قرنا میں بھر دو۔ ایک دفعہ پھر اپنے دل کے خون اس قرنا میں بھر دو کہ عرش کے پائے بھی لرز جائیں اور فرشتے بھی کانپ اٹھیں تاکہ تمہاری دردناک آوازیں اور تمہارے نعرہ ہائے تکبیر اور نعرہ شہادت توحید کی وجہ سے خدا تعالیٰ زمین پر آجائے اور پھر خدا تعالیٰ کی بادشاہت اس زمین پر قائم ہو جائے۔ پس میری سنو اور میری بات کے پیچھے چلو کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ خدا کہہ رہا ہے۔ میری آواز نہیں میں خدا کی آواز تم کو پہنچا رہا ہوں۔ تم میری مانو۔ خدا تمہارے ساتھ ہو، خدا تمہارے ساتھ ہو، خدا تمہارے ساتھ ہو اور تم دنیا میں بھی عزت پاؤ اور آخرت میں بھی عزت پاؤ‘‘۔

(تقریر جلسہ سالانہ 28 دسمبر 1953ء)

مجھے دیکھیں اور مجھے سنیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

’’میں تمام دنیا کی جماعتوں کو متوجہ کرتا ہوں کہ جن کمزوروں کے دل میں ایک اچنبھے کی خاطر ہی سہی تعجب کی وجہ سے ہی سہی ایک شوق تو پیدا ہوا ہے کہ وہ مجھے دیکھیں اور مجھے سنیں۔ ٹیلی ویژن کے ذریعے سے اگر وہ ایک دو دفعہ سن کر واپس چلے جائیں تو ہمیں کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ ہمیں کوشش یہ کرنی چاہیے کہ جو آئے وہ مستقل آجائے۔ جو ہمارا ہو، ہمارا ہو کر رہ جائے آکر چلے جانے والوں سے ہمیں کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوسکتا۔ دل میں بڑی تمنا یہ ہے کہ ساری جماعت ایک مرکز کے گرد اس طرح اکٹھی ہوجائے جس طرح شہد کی مکھیاں شہد کی

ملکہ کے گرد اکٹھی ہوتی ہیں اور اپنی الگ زندگی کا تصور ہی نہیں کر سکتیں اور الگ زندگی میں وہ Survive نہیں کر سکتیں یعنی ان کی بقا کی ضمانت نہیں۔ لازماً اکیلی اکیلی مکھی مرجایا کرتی ہے تو یہی روحانی جماعتوں کا حال ہوا کرتا ہے"۔

(الفضل 12 جنوری 1993ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایم ٹی اے کی 24 گھنٹے کی نشریات کے آغاز کے موقع پر فرمایا: "یہ عالم گواہ ہے جو احمدیت کو اللہ کی طرف سے عطا ہوا ہے اللہ تعالیٰ نے خبر دی تھی کہ مسیح (-) کے لئے آسمان کی فضائیں مسخر کی جائیں گی اور حضرت مسیح موعود کے غلاموں کو آسمانی سفروں میں سب دنیا پر غالب کیا جائے گا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایم ٹی اے کے ذریعہ ہونے والی پہلی تاریخی بیعت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں "تاریخ عالم میں پہلا واقعہ ہے کہ کوئی بیعت لی جارہی ہو اور سارے عالم میں بیک وقت اس بیعت کے ساتھ زبانیں بھی متحرک ہوں اور دل بھی دھڑک رہے ہوں اور ایک آواز کے ساتھ اقرار کرنا ایک عجیب کیفیت دل میں پیدا کرتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی خدا کی تقدیر کا ایک اظہار تھا یہ فرشتوں کی تحریک تھی کوئی اتفاقی خیال نہیں تھا۔ (روزنامہ الفضل 4 جنوری 1993ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایم ٹی اے کی برکات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"ہم عاجز گنہگاروں اور کمزوروں کے سپرد اللہ تعالیٰ نے یہ کام کیا تھا کہ تمام دنیا کی قوموں کو امت واحدہ میں تبدیل کر دو۔ ہم پر یہ ذمہ داری ڈالی تھی کہ دنیا سے تمام سعید روحوں کو ایک ہاتھ پر اکٹھا کرو اس ہاتھ پر اکٹھا کرنے کے لئے ہماری مجبوریاں، ہماری بے کسیاں، ہماری بے بساطی حائل تھیں مگر دیکھتے دیکھتے آسمان سے وہ تقدیریں نازل ہوئی ہیں جنہوں نے اس خواب کو آج ایک حقیقت میں تبدیل کر دیا۔

MTA کے ذریعے
وحدت کے سامان

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

"آپ کو میں نصیحت کرتا ہوں کہ اگر آپ باقاعدگی کے ساتھ خطبات کو خود بھی سنیں اور اپنے بچوں کو بھی سمجھائیں تو چونکہ ان میں قرآن کریم کا ذکر چلتا ہے، آنحضرت ﷺ کے اخلاق حسنہ کا ذکر چلتا ہے اور حضرت مسیح موعود کے کلام سے نصیحتیں پیش کی جاتی ہیں اس لئے تربیت کا ایک بہت اچھا ذریعہ ہیں اور آپ کی نئی نسل کو قرآن اور دین اور محمد رسول اللہ ﷺ اور مسیح موعود سے ان خطبات کے وسیلے سے انشاء اللہ ایک گہرا ذاتی تعلق پیدا ہو جائے گا"۔ (خطبہ جمعہ 31 مئی 1991ء)

آپ مزید فرماتے ہیں:

"اپنی اولادوں کو ہمیشہ خطبات سے جوڑ دیں اگر آپ یہ کریں گے تو ان پر بہت بڑا احسان کریں گے اپنی آئندہ نسلوں کے ایمان کی حفاظت کرنے والے ہوں گے ان کو غیروں کے حملوں سے بچانے والے ہوں گے ان کے اخلاق کی حفاظت کرنے والے ہوں گے"۔ (خطبہ جمعہ 31 مئی 1991ء)

ایم ٹی اے دعوت الی اللہ
کا ذریعہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: "اب تو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے اپنی طرف بلانے کے لئے راستے بھی آسان کر دیئے ہیں آج اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دنیا کے کونے کونے میں اپنا پیغام پہنچانے کے لئے ذریعہ اور وسیلہ بھی مہیا کر دیا ہے آج () ٹیلی ویژن احمدیہ کے ذریعہ سے 24 گھنٹے یہی کام ہو رہا ہے 24 گھنٹے اس کام کے لئے وقف ہیں، پس اگر اپنے علم میں کمی بھی ہو تو اس کے ذریعہ سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے ضرورت توجہ کی ہے"۔

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

اس وقت ایم ٹی اے کے تین چینلز نہ صرف اپنوں کی تربیت کا کام کر رہے ہیں بلکہ مخالفین (دین) کا ان دلائل سے منہ بند کر رہے ہیں جو حضرت مسیح موعود نے ہمیں دیئے۔ پس ایم ٹی اے کو جہاں اللہ تعالیٰ نے غلبہ دکھانے کا ذریعہ بنایا ہے وہاں غلبہ عطا فرمانے کے لئے ایک ہتھیار کے طور پر بھی مہیا فرمایا ہے جو ان مقاصد کو لے کر ہر گھر میں داخل ہو رہا ہے جو حضرت مسیح موعود کی آمد کا مقصد تھے۔

آپ مزید فرماتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی تائیدات کے طور پر ایم ٹی اے انٹرنیٹ بھی آپ کو مہیا فرمادیا ہے جس کے ذریعہ سے (دعوت الی اللہ) کا کام ہو رہا ہے پس اللہ تعالیٰ تو یہ انتظامات فرما رہا ہے لیکن ہمیں بھی اس کے حکم پر چلتے ہوئے اس انقلاب میں شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہیے جہاں ہم اتممت علیکم نعمتی کے نظارے دیکھتے ہوئے فیض پانے والے ہوں"۔

ایم ٹی اے ہر گھر میں!

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

"ایم ٹی اے نے تمام دنیا میں وہ آواز پہنچادی پہلے تو (بیت) اقصیٰ ربوہ میں خلیفۃ المسیح کا خطبہ سنتے تھے اب ہر شہر میں، ہر گاؤں میں، ہر گھر میں یہ آواز پہنچ رہی ہے"۔

(خطبہ جمعہ 21 مئی 2004ء)

جماعت اور خلافت کا تعلق

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

"یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس زمانہ میں فاصلوں کی دوری کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ایم ٹی اے کے ذریعہ سے جماعت اور خلافت کے تعلق کو جوڑ دیا ہے۔ اس لئے میرے خطبات اور مختلف پروگراموں کو ضرور سنا کریں۔ میں نے جائزہ لیا ہے بعض عہدیداران بھی خطبات کو باقاعدگی سے نہیں سنتے۔ یہ خطبات وقت کی ضرورت کے مطابق دینے کی کوشش کرتا ہوں۔ اس لئے اپنے آپ کو ان سے ضرور جوڑ دیں تا کہ دنیا میں ہر جگہ احمدیت کی تعلیم کی جو اکائی ہے اس کا دنیا کو پتہ لگ سکے"۔

(روزنامہ الفضل 5 نومبر 2013ء صفحہ 5)

اسی طرح آسٹریلیا میں اپنے خطبہ فرمودہ 18 اکتوبر 2013ء کو دوسرے الیکٹرانک میڈیا میں پائی جانے والی بدیوں کا ذکر کرتے ہوئے اور ایم ٹی اے کی خصوصیت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

"اس زمانے میں ٹی وی کا سب سے بہتر استعمال تو احمدی کر رہے ہیں یا جماعت احمدیہ کر رہی ہے میں نے جلسوں کے دنوں میں بھی توجہ دلائی تھی اور اس کا بعض لوگوں پر اثر بھی ہوا اور انہوں نے مجھے کہا کہ پہلے ایم ٹی اے نہیں دیکھا کرتے تھے، اب آپ کے کہنے پر، توجہ دلانے پر ہم نے ایم ٹی اے دیکھنا شروع کیا ہے تو افسوس کرتے ہیں کہ پہلے کیوں نہ دیکھا، کیوں نہ ہم اس کے ساتھ جڑے۔ بعضوں نے اظہار کیا کہ ہفتہ دس دن میں ہی ہمارے اندر روحانی اور علمی معیار میں اضافہ ہوا ہے۔ جماعت کے بارے میں ہمیں صحیح پتا چلا ہے۔

پس پھر میں یاد دہانی کروا رہا ہوں، اس طرف بہت توجہ کریں، اپنے گھروں کو اس انعام سے فائدہ اٹھانے والا بنائیں جو اللہ تعالیٰ نے ہماری تربیت کے لئے ہمارے علمی اور روحانی اضافے کے لئے ہمیں دیا ہے تا کہ ہماری نسلیں احمدیت پر قائم رہنے والی ہوں۔ پس ہمیں کوشش کرنی چاہئے کہ اپنے آپ کو ایم ٹی اے سے جوڑیں۔ اب خطبات کے علاوہ اور بھی بہت سے لائیو پروگرام آرہے ہیں جو جہاں علمی اور روحانی، دینی اور روحانی ترقی کا باعث ہیں وہاں علمی ترقی کا بھی باعث ہیں۔ جماعت لاکھوں ڈالر ہر سال خرچ کرتی ہے اس پر اس لئے کہ جماعت کے افراد کی تربیت ہو۔ اگر افراد جماعت اس سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھائیں گے تو اپنے آپ کو محروم کریں گے۔ غیر تو اس سے اب بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں اور جماعت کی سچائی ان پر واضح ہو رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کی توحید اور (دین حق) کی حقانیت کا انہیں پتا چل رہا ہے اور صحیح ادراک ہو رہا ہے۔ پس یہاں کے رہنے والے احمدیوں کو بھی اور دنیا کے رہنے والے احمدیوں کو بھی ایم ٹی اے سے بھرپور استفادہ کرنا چاہئے۔ ایم ٹی اے کی ایک اور برکت بھی ہے کہ یہ جماعت کو خلافت کی برکات سے جوڑنے کا بھی بہت بڑا ذریعہ ہے۔ پس اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے"۔

(خطبہ جمعہ 18 اکتوبر 2013ء)

ایم ٹی اے کے غیر معمولی اثرات

خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ ایم ٹی اے کے جو غیر معمولی اثرات دنیا میں ظاہر ہو رہے ہیں ان کا اعتراف جماعت احمدیہ کے شدید مخالفین کو بھی ہے۔ چند اعترافات نمونہ کے طور پر پیش ہیں:

☆مولوی شاہ احمد نورانی (چیئرمین سپریم کونسل جمعیت العلماء پاکستان) "یورپ اور امریکہ میں قادیانیت اسلام کے بیڈروم میں داخل ہوگئی ہے"۔ (روزنامہ نوائے وقت 12 فروری)

☆مولوی محمد اکرم اعوان:

"میں قادیانیوں کا انٹرویو پڑھ رہا تھا تو وہ کہنے لگے کہ کسی کو پسند آئے یا نہ آئے لیکن آج ہم اس TV چینل کی بدولت ہر شخص کے گھر کے اندر موجود ہیں۔ جہاں اس کے بچے بچیاں، بیوی، بہو، بیٹیاں بیٹھی ہیں وہاں ہم بھی بات کر رہے ہیں۔ ہمارا چینل وہاں پہنچ رہا ہے۔ بڑی غضب کی بات کی اس نے وہ انگریزی جملہ اس طرح تھا۔ We are in every bedroom یعنی ہر گھر کے انتہائی اندر کے کمرے تک ہماری رسائی ہوگئی ہے۔ اے کاش ہم سائنس سے ڈرنے کی بجائے اسے اپناتے"۔

(مضمون بعنوان سائنس اور اسلام۔ از مولانا محمد اکرم اعوان۔ ماہنامہ المرشد لاہور دسمبر 1995ء صفحہ 13)

☆جناب زاہد ملک:

"یورپ کے ایک ملک سے قادیانیوں نے STN کی طرز پر ایک TV سٹیشن کرائے پر لے رکھا ہے۔ جس پر 24 گھنٹے (دین) کے نام پر اپنے مسلک کی ترویج اور فروغ کے لئے انگریزی، ہسپانوی، اٹالین، فرانسیسی، جرمن، عربی اور سپرانٹو جیسی عالمی زبانوں میں نشریات پیش کی جاتی ہیں۔ ساری دنیا میں الیکٹرانک میڈیا، لٹریچر اور عقلی سائنسی دلائل کے ذریعے (دین) کے نام پر جتنا کام مرزائی اور قادیانی کر رہے ہیں اتنا ہم مسلمانوں نے سوچا بھی نہیں"۔

(علماء کرام سے غیر مسلموں کے دس سوال۔ روزنامہ اساس۔ 24 مارچ 1997ء)

☆ابوبکر بلوچ۔ حیدر آباد:

"چند روز قبل اپنے قادیانی دوست کے ساتھ (جو اپنے آپ کو احمدی کہتے ہیں) ان کے امام مرزا طاہر احمد کا خطاب بذریعہ سیٹلائٹ دیکھنے کا موقع ملا۔ قادیانی جماعت کا سربراہ بڑے فخر سے اعلان کرتا ہے چشم عالم نے یہ نظارہ آج سے قبل نہیں دیکھا کہ 30 لاکھ افراد ایک سال میں کسی مذہب میں داخل ہوئے ہوں۔ قادیانیوں کی روز افزوں ترقی لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کا قادیانی مذہب میں داخل ہونا اور دنیا کا قادیانیت کی طرف بڑھتا ہوا میلان اس بات کی علامت معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ ان کی طرف کھڑا ہے"۔

(مضمون بعنوان 30 لاکھ افراد کا کفر ایک لمحہ فکریہ۔ از ابوبکر بلوچ۔ ماہنامہ دفاع کراچی۔ جلد 1۔ شمارہ 3۔ اگست 97ء صفحہ 40)

☆ ☆ ☆

مشہور شہر

فلاڈلفیا (Philadelphia)

امریکہ کا پانچواں بڑا ریاستی دارالحکومت، مشرقی پنسلوینیا میں واقع اہم گہرے پانی کی بندرگاہ ہے اس کا رقبہ 1182 مربع کلومیٹر اور آبادی 15 لاکھ سے زائد نفوس پر مشتمل ہے۔

شوئی کل (Sehulikill) اور ڈیلاویئر (Delaware) دریاؤں کے سنگم پر مشہور ثقافتی، تجارتی، تعلیمی اور طبی مرکز ہے۔

یہ مستطیل شکل کا شہر ہے اور اس کی تاریخ پرانی نہیں ہے۔ 1638ء میں اہل سویڈن نے اس علاقہ میں سب سے پہلے اپنی مستقل آبادی قائم کی۔ 1655ء میں ولندیزیوں نے اہل سویڈن کے اقتدار کا خاتمہ کر کے اس پر قبضہ کر لیا۔ 1681ء میں اسے برطانوی نوآبادی کی حیثیت ملی۔ 1683ء میں ولیم پین یہاں آیا تو اس نے اس کی گلیوں کا نقشہ بنایا اور کوئکروں (quakers) کی نوآبادی کی حیثیت سے city of brotherly love یعنی برادرانہ محبت کا شہر آباد کیا جو جلد ہی ایک بڑا نوآبادیاتی مرکز بن گیا۔ 1701ء میں اسے شہر کی حیثیت دی گئی۔ بنجمن فرینکلن 1723ء میں یہاں آیا۔ اٹھارہویں صدی عیسوی میں اس شہر نے امریکی تاریخ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ یہ فلاڈلفیا ہی تھا جہاں آزادی کے ذریعے انگلستان سے باضابطہ قطع تعلق کیا گیا۔

یہ تمام واقعات ایوان آزادی میں پیش آئے جو 1747ء میں مکمل ہوا تھا اور آج امریکہ کی سب سے بڑی تاریخی زیارت گاہ سمجھی جاتی ہے۔

اس عمارت میں 1775ء میں جارج واشنگٹن، بنجمن فرینکلن، جان ایڈمز، تھامس جیفرسن اور الیگزنڈر ہملٹن نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ گزارا۔

1784ء میں امریکہ کا اولین روزنامہ بھی اسی شہر سے شائع ہوا۔ ستمبر 1777ء میں امریکہ کا اس شہر پر قبضہ ہو گیا۔

صنعتی انقلاب کے زور پکڑنے سے انگلستان، آئرلینڈ، جرمنی، پولینڈ، روس اور اٹلی سے لاتعداد لوگ ترک وطن کر کے یہاں چلے آئے۔ انیسویں صدی میں بھی نقل وطن کر کے آنے والوں کا تانتا بندھا رہا۔ 1861-1865ء کی خانہ جنگی ختم ہونے کے بعد یہاں حبشیوں کی آبادی میں اضافہ ہونے لگا۔ یہاں بہت سی نئی عمارتیں میدانی پتھروں سے تعمیر کی گئیں۔ قدیم عمارتوں میں انڈی پنڈنس سکوائر ایوان آزادی کے قریب ہے۔ دیگر عمارتیں درج ذیل ہیں:

قابل دید عمارات

ایوان آزادی کے علاوہ ایوان کانگریس، قدیم طرز کا بلدیہ کارپینٹر ہال اور امریکی انجمن فلسفہ قابل ذکر ہیں۔

جرس آزادی (Liberty Bell)

ایوان آزادی میں گھنٹہ نصب ہے جو جرس آزادی کے نام سے مشہور ہے۔

امریکی انجمن فلسفہ کی عمارت

یہ عمارت 1785ء میں تعمیر کی گئی اور اس کا شمار فلاڈلفیا کی خوبصورت عمارات میں ہوتا ہے۔

عجائب گھر

یہاں پر متعدد عجائب گھر قائم کئے گئے ہیں جن میں فلاڈلفیا میوزیم آف آرٹ لائق ذکر ہے۔ جو 1875ء میں قائم کیا گیا۔ 1938ء تک پنسلوینیا میوزیم آف آرٹ کہلاتا تھا۔ موجودہ عمارت میں 1928ء میں منتقل ہوا۔ اس کے متعدد مجموعوں میں قابل ذکر قدیم یورپی مصوروں کا مجموعہ ہے یہ میوزیم سکول آف انڈسٹریل آرٹ (قائم شدہ 1877ء) اور ٹیکسٹائل انسٹی ٹیوٹ (قائم شدہ 1883ء) سے متعلق ہے۔

تعلیمی ترقی

شہر کی تعلیمی ترقی میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ یہاں اس وقت چار یونیورسٹیاں (قائم شدہ 1740ء، 1851ء، 1864ء اور 1891ء) ہیں۔

جو تعلیم کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ فرینکلن انسٹی ٹیوٹ، پنسلوینیا اکیڈمی آف فائن آرٹس (قیام 1805ء)، ہائمن میڈیکل کالج، ڈریکسل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، ویمنز میڈیکل کالج، گرارڈ کالج (Girard College) بھی یہیں واقع ہیں۔

فیرمونٹ پارک (Fair mount Park)

یہ پارک دنیا کے عظیم ترین پارکوں میں سے ایک ہے۔ اس میں سیاحوں کے لئے تمام تر سہولیات موجود ہیں۔

گرجا گھر

یوں تو بہت سے گرجا گھر ہیں لیکن Gloria Die Church کا نام قابل ذکر ہے۔ جو 1642ء میں سویڈن سے آئے ہوئے لوگوں نے عبادت کے لئے تعمیر کرایا تھا۔

اہم صنعتیں

تیل کی صفائی، دھات کا کام، طباعت، چمڑا، اشاعت، جہاز سازی، پٹرولیم سے حاصل شدہ کیمیائی اشیاء، ریلوے گاڑیوں کی صنعت، بحریہ کا کارخانہ اور ٹیکسال وغیرہ اہم صنعتیں ہیں۔

فلاڈلفیا کی بندرگاہ

یہ امریکہ کی دوسری بڑی بندرگاہ ہے بیرونی تجارت کے اعتبار سے یہ امریکا کی پہلی بندرگاہ ہے۔ یہاں 267 گودیاں اور گھاٹ ہیں۔

مواصلات

شہر میں بسوں اور ٹیکسیوں کا جال بچھا ہوا ہے۔ ریلوے سٹیشن سے دوسرے شہروں کو بھی گاڑیاں جاتی ہیں۔ یہاں ٹیکسیاں بھی مل سکتی ہیں۔

(مرسلہ: مکرم امان اللہ امجد صاحب)

☆..............☆..............☆

فلاڈلفیا۔امریکہ اور اس کا ماحول



مکرم زبیر خلیل خان صاحب

کروشیا میں دعوت الی اللہ کے حوالے سے ایک پروگرام

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدیہ مشن کروشیا کو غیر سرکاری تنظیم یورپین یوتھ پارلیمنٹ کروشیا کے ساتھ مل کر 5 دسمبر 2015ء کو دعوت الی اللہ کے حوالے سے ایک سیمینار منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

یہ تنظیم یورپ کے تمام ممالک میں قائم ہے اور اس کی ممبر شپ طلباء پر مشتمل ہوتی ہے۔ عمومی طور پر اس تنظیم کو یورپین پارلیمنٹ مختلف موضوعات دیتی ہے جن پر اس تنظیم کے ممبران غور وخوض کر کے اپنے نقطہ نظر سے یورپین پارلیمنٹ کو مطلع کرتے ہیں۔

